403

آیات نمبر 29 تا 38 میں بشارت کہ قرآن کی تلاوت، نماز کا اہتمام اور اللہ کی راہ میں خرچ
کرنے والے ہی کامیاب ہوں گے۔ امت مسلمہ کو اس کتاب کا وارث بنا دیا گیا ہے۔ ان میں
کچھ گناہگار ہیں، کچھ میانہ رو ہیں جبکہ کچھ نیکیوں میں سبقت لے جانے والے ہیں۔ جنہوں نے
کفر کیا ان کا ٹھکانہ جہنم ہو گا جہاں انہیں ہمیشہ رہنا ہو گا

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ جو لوگ کتاب اللہ کی
تلاوت کرتے ہیں، نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس
میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں، انہوں نے اللہ کے ساتھ
ایک ایسی تجارت کی ہے جس میں کبھی نقصان کی توقع نہیں ہو سکتی کتاب اللہ کی تلاوت
کا حق یہ ہے کہ اسے غور و تدبر کے ساتھ پڑھا جائے اور اس کے تمام احکام پر عمل کیا جائے
لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَ يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ کیونکہ اللہ
انہیں ان کے اعمال کا پورا پورا اجر عطا کرے گا بلکہ اپنے فضل سے کچھ زیادہ بھی دے
گا، بے شک وہ بہت بخشنے والا اور بہت قدردان ہے وَ الَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ مِنَ
الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اور جو کتاب ہم نے آپ کی طرف
وحی کی ہے وہ سراسر حق ہے اور اپنے سے پہلے کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اِنَّ اللّٰهَ
بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے حال سے باخبر اور
انہیں دیکھنے والا ہے ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ

پھر ہم نے اپنے بندوں میں سے کچھ بندوں کو منتخب کر کے انہیں اس کتاب کا وارث
بنایا وہ منتخب بندے امت مسلمہ کے افراد ہیں جنہیں آخری رسول (ﷺ) کے بعد اس کتاب کا
وارث بنادیا گیا ہے فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَ مِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ ان میں سے کچھ
وہ ہیں جو اعمال میں کوتاہی اور سستی کی وجہ سے اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں اور کچھ وہ
ہیں جو نیک اعمال تو کرتے ہیں لیکن لغزشوں اور خطاؤں سے بچنے کی احتیاط نہیں
کرتے وَ مِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ
الْكَبِيْرُ ﴿٣٢﴾ اور کچھ وہ ہیں جو اللہ کی توفیق سے نیک کاموں میں سبقت لے
جانے والے ہیں اور یہ اللہ کا بہت ہی بڑا فضل ہے جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا
يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ لُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٣٣﴾ یہ
لوگ ہمیشہ رہنے والے جنت کے باغات میں داخل ہوں گے، وہاں انہیں سونے
اور موتیوں کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائے گا اور وہاں ان کے لباس ریشم سے بنے
ہوئے ہوں گے وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اور ان
نعمتوں کو پا کر وہ لوگ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے ہر طرح کا رنج و غم
دور کر دیا اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿٣٤﴾ الَّذِیْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ
فَضْلِهٖ ۚ بے شک ہمارا رب بہت مغفرت کرنے والا اور بڑا قدر دان ہے کہ جس نے
اپنے فضل سے ہمیں اس دائمی قیام گاہ میں پہنچا دیا لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّ لَا
يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿٣٥﴾ اب یہ ایسی جگہ ہے جہاں نہ ہمیں کوئی مشقت پیش آتی ہے

اورنہ تھکان لاحق ہوتی ہے وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى
عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ؕ اور جن لوگوں نے کفر کا
راستہ اختیار کیا، ان کے لئے جہنم کی آگ ہے، ان کے لئے نہ کبھی موت کا فیصلہ کیا
جائے گا کہ مر کے ہی ختم ہو جائیں اور نہ ہی کسی وقت جہنم کا عذاب ہلکا کیا جائے گا
كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۚ﴿٣٦﴾ اور ہر کفر کرنے والے کو ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں
وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا
نَعْمَلُ ؕ اور یہ لوگ چیخ چیخ کر فریاد کریں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں اس جہنم
سے نکال دے، ہم آئندہ نیک اعمال کریں گے اور وہ کام نہیں کریں گے جو پہلے کیا
کرتے تھے اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ
النَّذِيْرُ ؕ انہیں جواب ملے گا کہ کیا ہم نے تمہیں اتنی لمبی عمر نہیں دی تھی کہ اگر
کسی نے واقعی سوچنا سمجھنا ہو تو وہ اس میں سوچ لے اور کیا تمہارے پاس ہمارا خبردار
کرنے والا رسول نہیں آیا تھا فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۧ﴿٣٧﴾ آج تم
عذاب کا مزا چکھو! اب ظالموں کا کوئی مدد گار نہ ہو گا رکوع[۴] اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ
غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٣٨﴾ بلاشبہ اللہ
آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کا جاننے والا ہے، بلکہ وہ تو سینوں میں چھپے ہوئے
رازوں تک سے خوب واقف ہے۔

[#403]

In verses 29 to 38, there is a glad tiding that those who recite the Quran, establish prayer, and spend in the way of Allah will indeed be successful. The Muslim Ummah has been made the inheritors of this Book. Among them, some are sinners, some are moderate, while others are those who excel in doing good deeds. As for those who disbelieve, their final abode will be Hell, where they will remain forever.

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿٢٩﴾

Indeed, those who recite the Book of Allah, and who [duly] establish prayer, and who spend [charitably] from what We have provided them, both secretly and openly, they look forward to a trade which will never go into loss.

لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَ یَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ

So that He will give them their full reward for their deeds, and even more out of His grace. Indeed, He is Most Forgiving and Most Appreciative.

وَ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ ؕ

And the Book that We have revealed to you [O Prophet!] is the truth, confirming that, which came before it.

اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۳۱﴾

Indeed, Allah is fully aware and all-seeing of His servants.

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ

Then We made heirs of this Book to those, whom We have chosen among Our servants.

فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ

Among them are those who wrong their own souls, and among them are those who are moderate.

وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ
الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾

And there are others who, by Allah's permission, excel in good deeds. This is indeed a great favor [from Allah.]

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ
لُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٣٣﴾

[They will enter] the everlasting gardens of Paradise, where they will be adorned with bracelets of gold and pearls, and their garments there will be made of silk.

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ

And [thereupon], they shall say: "All Praise is for Allah [alone], who has taken away all grief from us".

اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿٣٤﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ
فَضْلِهٖ ۚ

Surely, our Lord is all-Forgiving and Most Appreciative. [He is the one] who, out of His grace, has settled us in this everlasting abode.

لَا يَمَسُّنَا فِيۡهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيۡهَا لُغُوۡبٌ ﴿۳۵﴾

[Now, this is a place where] we shall neither face any hardship nor we shall experience any fatigue.

وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَهُمۡ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقۡضٰى عَلَيۡهِمۡ فَيَمُوۡتُوۡا وَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ مِّنۡ عَذَابِهَا ؕ

And as for those who disbelieved, for them there will be the fire of Hell. Neither shall a decision of [eternal] death be decreed for them so that they may die [and be at rest], nor shall the punishment [of Hell Fire] ever be lightened for them.

كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ كُلَّ كَفُوۡرٍ ﴿۳۶﴾ ۚ

And thus, do We recompense every [disbelieving] ungrateful one.

وَ هُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا

غَيْرَ الَّذِىْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

And so shall they cry out therein, "O our Lord! Take us out [of this Hellfire and return us to the world], we will [believe and] do righteous deeds, not as we used to do before".

اَوَ لَمْ نُعَمِّرْ كُمْ مَّا يَتَذَ كَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَ كَّرَ وَ جَآءَ كُمُ

النَّذِيْرُ ؕ

[They will be answered], "Did We not give you a lifetime, long enough for anyone who wished to take heed to do so? And Our fore warner came to you [but you denied] "

فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾ رکوع [۴]

So, taste [the punishment!]. There is not any helper for the wrongdoers.

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۳۸﴾

Indeed, Allah is the Knower of the [realms of the] unseen in the heavens and the earth; He is fully aware of [the secrets] that lie within the breasts [of people].